سوال

(293) عورتوں کی پچھلی صف ہی افضل ہوتی ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

دیکھا جاتا ہے کہ رمضان المبارک میں عورتیں مسجد میں آخری صفوں کو ترجیح دیتی ہیں جبکہ پہلی صفوں میں جگہ ہوتی ہے، چنانچہ پچھلی صفوں میں بھیڑ ہو جاتی ہے اور آگے جانے والیوں کےلیے راستہ بھی رک جاتا ہے، اور پیچھے بیٹھنے والیاں اپنے خیال میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان پر عمل کر رہی ہوتی ہیں کہ "عورتوں کی آخری اور پچھلی صفیں ہی افضل ہوتی ہیں" براہ مہربانی اس مسئلہ کی وضاحت فرمائیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس میں کچھ تفصیل ہے، وہ یہ کہ اگر عورتیں ایسی جگہ نماز پڑھ رہی ہوں کہ ان کے اور مردوں کے درمیان پردہ موجود ہو توان عورتوں کی بھی پہلی اور ابتدائی صفیں افضل ہوں گی، کیونکہ (پچھلی صفوں کی فضیلت کا) سبب دور ہو چکا ہے اور وہ ہے فتنے کا خوف، چنانچہ ضروری ہے کہ عورتوں کی صفیں بھی اسی طرح مرتب ہوں جیسے کہ مردوں کی ہوتی ہیں۔ پہلے پہلی صف مکمل کی جائے پھر دوسری اور اسی طرح بعد والی۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 258

محدث فتویٰ